فوری ریلیز کے لیے: 3/10/2022 **KATHY HOCHUL** ***گورنر***

گورنر HOCHUL نے اعلان کیا کہ ELECTROVAYA، چوٹوقوا کاؤنٹی میں لیتھیم-آئن گیگافیکٹری قائم کرے گی

ماحول دوست توانائی کی کمپنی امریکہ میں اپنے پہلے پلانٹ میں 250 ملازمتیں پیدا کرنے کا ارادہ رکھتی ہے

ریاستی فنڈز بیٹری ٹیکنالوجی اور مینوفیکچرنگ کی سہولت گاہ کی تعمیر میں مدد کریں گے جو مقامی جدت سازی اور اگلی نسل کی بیٹری کی پیداوار کی کمرشلائزیشن میں مدد کرے گی

گورنر Kathy Hochul نے آج اعلان کیا کہ Electrovaya, Inc، جو کہ ذرائع آمد و رفت اور یوٹیلیٹی اسٹوریج کے لیے لیتھیم-آئن بیٹریاں تیار کرتی ہے، نے امریکہ میں اپنے پہلے پلانٹ کے مقام کے طور پر چوٹوقوا کاؤنٹی میں قصبے ایلی کوٹ کو منتخب کیا ہے۔ یہ عوامی سطح تجارت کی کمپنی اپنی جدید ترین پیداواری سہولت گاہ بنائے گی، جس سے 250 تک ملازمتیں پیدا ہوں گی اور مکمل طور پر فعال ہو جانے پر سالانہ ایک GWh سے زیادہ بیٹریاں پیدا کرے گی۔ یہ سرمایہ کاری وسیع تر اقدام، نیو انرجی نیو یارک کی معاونت کرتی ہے، جس کا مقصد بیٹری کی جدت اور پیداوار کے لیے ایک قومی مرکز بنانا ہے۔

"ریاست نیو یارک اعلیٰ، جدید ترین اور اختراعی توانائی کی ٹیکنالوجیز کی تحقیق اور ترقی میں ایک اہم کردار ادا کر رہی ہے،" **گورنر Hochul نے کہا۔** "ریاستی وسائل کی بدولت، Electrovaya چوٹوقوا کاؤنٹی میں 250 ملازمتیں لا رہی ہے اور ماحول دوست توانائی کے بڑھتے ہوئے شعبے میں نیو یارک کی شمولیت کو مزید مستحکم کر رہی ہے۔ کلین ٹیک کے ساتھ آنے والی زیادہ تنخواہ والی ملازمتوں کے حصول کی دوڑ جاری ہے اور ان مینوفیکچررز کے لیے ترقی، کام کرنے اور پھلنے پھولنے کے لیے نیو یارک جیسی کوئی جگہ نہیں ہے۔"

یہ کمپنی ای فورک لفٹس، ای ٹرکس اور ای بسوں کے لیے عمدہ لیتھیم-آئن بیٹری کی مانگ کو پورا کرنے کی کوشش میں 1 پرسشن وے پر اپنی سہولت گاہ قائم کرے گی۔ Electrovaya نے جنوبی چوٹوقوا کاؤنٹی کی اس سہولت گاہ کا انتخاب اس کی ہنر مند افرادی قوت اور دیگر فوائد کے ساتھ دستیاب قابل تجدید بجلی کے پیش نظر، امریکہ میں اپنے بڑھتے ہوئے کسٹمر بیس کو خدمات فراہم کرنے کے لیے کمپنی کے لیے بہترین مقام کے طور پر متعین کرنے کے بعد کیا۔

Electrovaya کے CEO Dr. Raj Das Gupta نے کہا، "جیسا کہ امریکہ اور دنیا الیکٹرک گاڑیوں اور الیکٹرو موبلٹی کی ترقی کے ایک بے مثال مرحلے میں داخل ہو رہی ہے، لیتھیم-آئن بیٹریاں اور ان کے اندر موجود اجزاء صنعت کی کامیابی کے لیے اہم ہیں۔ Electrovaya کی امریکہ میں پہلی تجارتی پیمانے کی سہولت گاہ کے طور پر Electrovaya کو اپنی پائیدار ٹیکنالوجیز اور نقطہ نظر کو ریاست نیو یارک تک لانے پر فخر ہے۔ یہ سہولت لیتھیم-آئن سیل اور ماڈیولز تیار کرے گی، جو لیتھیم-آئن بیٹریوں کی تیاری کے لیے اہم اجزاء ہیں۔ ہم چوٹوقوا کاؤنٹی میں اعلیٰ معیار کی ملازمتوں کی تخلیق کی حمایت کرتے ہوئے خوش ہیں اور مغربی نیو یارک میں اپنی مسلسل ترقی کے منتظر ہیں۔"

Electrovaya Inc صنعت کی نمایاں کارکردگی اور قابل ذکر دانشورانہ املاک کے ساتھ، توانائی کی عالمی تبدیلی میں ایک رہنما ہے، جو محفوظ اور دیرپا لیتھیم-آئن بیٹریوں کی فراہمی کے ذریعے موسمیاتی تبدیلیوں کی روک تھام میں تعاون کرنے پر مرکوز ہے۔ Electrovaya توانائی ذخیرہ کرنے، ماحول دوست برقی آمد و رفت اور دیگر خصوصی استعمال کے لیے، اپنے نام جملہ حقوق والی لیتھیم-آئن بیٹریاں، بیٹری سسٹمز اور بیٹری سے متعلقہ مصنوعات ڈیزائن کرتی، تیار کرتی اور ان کی پیداوار کرتی ہے۔

امپائر اسٹیٹ ڈویلپمنٹ (Empire State Development, ESD) کارکردگی پر مبنی ایکسلسیئر جابز ٹیکس کریڈٹ پروگرام کے ذریعے $4 ملین اور ریجنل کونسل کیپٹل فنڈنگ میں $2.5 ملین تک کے ذریعے اس منصوبے کی مدد کر رہا ہے تاکہ مینوفیکچرنگ کی ایک سابق سہولت گاہ میں لیتھیم-آئن بیٹریوں کے لیے اس پیداوار اور مینوفیکچرنگ کی سہولت گاہ کو قائم کیا جاسکے، جس سے 250 نئی ملازمتوں کی تخلیق اور اگلے پانچ سالوں میں 1 GWh بیٹری اور توانائی ذخیرہ کرنے والی ڈیوائسز کی پیداوار کو ممکن بنایا جاسکے۔ جولائی میں، نیو یارک بجلی کی اتھارٹی (New York Power Authority, NYPA) کے بورڈ آف ٹرسٹیز نے پاور اتھارٹی کے انڈسٹریل اکنامک ڈیولپمنٹ پروگرام کے تحت جیمز ٹاؤن کو 1.5 میگا واٹ سے زیادہ کم لاگت ہائیڈرو پاور مختص کرنے کی منظوری دی تاکہ Electrovaya کی قصبہ ایلی کوٹ میں توسیع کے نتیجے میں بجلی کے اضافی بوجھ کو پورا کیا جا سکے۔ اس سہولت گاہ کی ابتدائی لاگت تقریباً $75 ملین مقرر کی گئی ہے اور اس کے 2023 کے موسم خزاں میں کھلنے کی امید ہے۔

امپائر اسٹیٹ ڈویلپمنٹ کی صدر، CEO، اور کمشنر Hope Knight نے کہا، "Electrovaya کا چوٹوقوا کاؤنٹی میں لیتھیم-آئن بیٹری کی پیداوار کی ایک نئی سہولت گاہ قائم کرنے کا فیصلہ گورنر Hochul کے ماحول دوست توانائی کے جارحانہ اہداف تک پہنچنے کی جانب ایک اور اہم قدم کی نشاندہی کرتا ہے۔ اس ابھرتے ہوئے شعبے کی معاونت کر کے، ریاست نیو یارک سینکڑوں ملازمتیں پیدا کر رہی ہے، جبکہ توانائی ذخیرہ کرنے اور بیٹری کی جدید صنعتوں میں ہماری عالمی قیادت کو بھی بڑھا رہی ہے۔"

نیو یارک بجلی کی اتھارٹی کے عبوری صدر اور CEO Justin E. Driscoll نے کہا، "نیاگرا ہائیڈرو پاور مغربی نیو یارک کی تیزی سے بڑھتی ہوئی معیشت کے لیے ضروری ہے۔ صاف، قابل تجدید ہائیڈرو پاور میں Electrovaya کی توسیع کی معاونت کر کے، نیو یارک ایک ایسی صنعت میں سینکڑوں ملازمتوں کی معاونت کر رہا ہے جو گورنر Hochul کے، ملک کے میں سب سے پہلے، ماحول دوست توانائی کے ایجنڈے کو آگے بڑھانے میں مدد کرے گی۔"

مغربی نیو یارک ریجنل اکنامک ڈیولپمنٹ کونسل کی شریک چیئر اور بفلو اسٹیٹ کالج کی صدر Dr. Katherine Conway-Turner نے کہا، "ماحول دوست توانائی کے اجزاء، جیسے بیٹریوں کی مانگ بڑھ رہی ہے اور مغربی نیو یارک مستقبل کی اس صنعت میں سب سے آگے رہنے کے لیے کام کر رہا ہے۔ نیو یارک کے ماحول دوست توانائی اور جدت سازی کے عزم کی بدولت، Electrovaya جیسی کمپنیاں چوٹوقوا کاؤنٹی میں نئی ملازمتیں اور نئی سرمایہ کاری لا رہی ہیں۔"

مغربی نیو یارک ریجنل اکنامک ڈیویلپمنٹ کونسل کے شریک چیئر اور کیمپس لیبز کے شریک بانی Eric Reich نے کہا، "ہم چوٹوقوا کاؤنٹی میں Electrovaya کی بیٹری مینوفیکچرنگ کی نئی سہولت گاہ کے منتظر ہیں۔ REDC کو فخر ہے کہ مغربی نیو یارک اس سنگ میل کاروباری منصوبے کے ساتھ اپنی ماحول دوست توانائی کی معیشت کو بڑھا رہا ہے، جس کے نتیجے میں ہمارے علاقے کے لوگوں کے لیے نئی ملازمتیں اور خوشحالی پیدا ہو رہی ہے۔"

نیو یارک بیٹری اینڈ انرجی سٹوریج ٹیکنالوجی کنسورشیم کے ایگزیکٹو ڈائریکٹر Dr. William Acker نے کہا، "NY-BEST ریاست نیو یارک میں Electrovaya کا استقبال کرنے کے لیے پرجوش ہے۔ جدید لیتھیم-آئن بیٹریوں کی صف اول میں ہونے کے ناطے، Electrovaya نیو یارک میں بیٹری اور توانائی ذخیرہ کرنے کی صنعت کے لیے ہمارے مضبوط اور بڑھتے ہوئے ماحولیاتی میں ایک اہم اضافہ ہو گی، جو نئی ہنر مند ملازمتیں لائے گی اور نیو یارک کی ماحول دوست توانائی کی معیشت کی معاونت کرے گی۔"

انویسٹ بفلو نیاگرا کے صدر اور CEO Tom Kucharski نے کہا، "Electrovaya کا فیصلہ بفلو نیاگرا کی پرعزم افرادی قوت، Can-Am کی سرحد پر ہونے کی وجہ سے جغرافیائی برتری اور اہم کام کرنے والی اختراعی کمپنیوں کی منزل ہونے کی حیثیت کی توثیق کرتا ہے۔ ہم Electrovaya کو مغربی نیو یارک کی ماحول دوست توانائی کی منتقلی اور ماحولیاتی تبدیلی کی روک تھام پر مرکوز کمپنیوں کے بڑھتے ہوئے کلسٹر میں خوش آمدید کہتے ہوئے بہت پرجوش ہیں۔"

ریاستی سینیٹر George M. Borrello نے کہا، "ان تمام لوگوں کو مبارک باد جنہوں نے چوٹوقوا کاؤنٹی اور ہمارے پورے علاقے کے لیے ایک اور اقتصادی پیشرفت جیتنے میں مدد کی۔ ہماری کمیونٹی نے بار بار ثابت کیا ہے کہ اس کے پاس وہ افرادی قوت، بنیادی ڈھانچہ اور کاروبار دوست قیادت ہے جس کی Electrovaya جیسے صنعت کار تلاش کر رہے ہیں۔ کمپنی کی مستقبل پر مرکوز ٹیکنالوجی علاقے میں بڑھتی ہوئی دوسری صنعتوں کی تکمیل کرے گی اور آنے والے سالوں میں ملازمت اور اقتصادی ترقی میں حصہ ڈالے گی۔"

رکن اسمبلی Andrew Goodell نے کہا، "یہ بڑی خبر ہے کہ چوٹوقوا کاؤنٹی IDA، اس کے عملے اور کاؤنٹی ایگزیکٹو Wendel نے Electrovaya کو جیمز ٹاؤن میں اپنے لیتھیم بیٹری کی پیداوار کے منصوبوں کو آگے بڑھانے کے لیے قائل کیا ہے۔ یہ مصنوعات ہمارے مستقبل میں کلیدی کردار ادا کریں گی۔ ہمارے علاقے میں سرشار اور اعلیٰ معیار کے ملازمین کی ایک قابل فخر تاریخ ہے جو بلاشبہ اس منصوبے کو کامیاب بنائیں گے۔"

چوٹوقوا کاؤنٹی کے ایگزیکٹو Paul M. Wendel نے کہا، "میں پرجوش ہوں کہ Electrovaya نے اپنی کارروائیوں کو وسعت دینے کے لیے چوٹوقوا کاؤنٹی کو منتخب کیا ہے۔ ان کی سرمایہ کاری، کمپنی کے 10 سالوں کے دوران ہماری کاؤنٹی میں 250 ملازمتیں پیدا کرتے ہوئے لیتھیم بیٹری کی پیداوار میں اپنی کامیابی کو جاری رکھنے کے ذریعے میسن انڈسٹریل پارک میں پرانی ہیڈن ہین سہولت گاہ کو نئی زندگی دے گی۔"

قصبہ ایلی کوٹ کی سپروائزر Janet Bowman نے کہا، "قصبہ ایلی کوٹ اس بات پر خوش اور پرجوش ہے کہ Electrovaya میسن انڈسٹریل پارک میں جدید ترین کاروباری اضافہ بن گئی ہے۔ سابقہ ہیڈن ہین پراپرٹی کی خریداری صنعتی پارک کو بھرنے کے ہمارے مقصد میں ایک اور ٹکڑا شامل کرتی ہے۔ ہم کینیڈا سے تعلق رکھنے والے اس انتہائی کامیاب کاروباری ادارے، Electrovaya کو قصبہ ایلی کوٹ میں خوش آمدید کہتے ہیں۔"

ڈپٹی کاؤنٹی ایگزیکٹو برائے اقتصادی ترقی؛ اور چوٹوقوا کاؤنٹی انڈسٹریل ڈیولپمنٹ ایجنسی کے CEO Mark Geise نے کہا، "میں شکرگزار ہوں کہ CCIDA اس شاندار عمارت کو خرید کر اس میں سرمایہ کاری کرنے اور اسے دوبارہ مثبت استعمال میں لانے کے لیے اس بڑھتی ہوئی صنعت میں ایک ذمہ دار فریق کو لانے کے عمل کا حصہ رہی۔ CCIDA اس بات کو یقینی بنانے کے لیے Electrovaya کے ساتھ کام جاری رکھے گی کہ ان کو پیداوار جاری رکھنے اور طویل مدت تک چلتے رہنے کے لیے درکار وسائل دستیاب ہوں۔ Electrovaya کے علاوہ، میں انویسٹ بفلو نیاگرا، امپائر اسٹیٹ ڈویلپمنٹ، قصبہ ایلی کوٹ، CCIDA کی ٹیم، ریاست نیو یارک پاور اتھارٹی، ہنا ہولٹ رئیلٹی (میلیسا اوبر) اور دیگر تمام اسٹیک ہولڈرز کا شکریہ ادا کرنا چاہوں گا جنہوں نے اس منصوبے کو کامیاب بنانے میں حصہ لیا۔"

جیمز ٹاؤن بورڈ آف پبلک یوٹیلیٹیز کے جنرل منیجر David L. Leathers نے کہا، "چوٹوقوا کاؤنٹی اور گریٹر جیمز ٹاون کے علاقے کے لیے کیا شاندار خبر ہے! جیمز ٹاؤن BPU کا علاقہ مینوفیکچرنگ کے کاروبار کے لیے ایک بہت پرکشش مقام رہا ہے اور BPU بورڈ کے ارکان اور عملہ ہماری کمیونٹی میں Electrovaya کا خیرمقدم کرنے کے لیے پرجوش ہیں۔ ہمارا مقصد ماحول دوست توانائی اور ماحول سے متعلق ٹیکنالوجی کی مینوفیکچرنگ کے صف اول کے اداروں کو جیمز ٹاؤن کی طرف راغب کرنا ہے اور لیتھیم-آئن بیٹری اور سیل بنانے والا یہ نیا ادارہ ہمارے نظام کے مشرقی حصے میں واقع صنعتی مرکز میں ایک خوشگوار اضافہ ہے۔ ہم Electrovaya ٹیم کی مدد کرنے اور ان کی نئی سہولت گاہ میں ترقی کی منازل طے کرنے میں ان کی مدد کرنے کے لیے پرعزم ہیں۔"

###

اضافی خبر یہاں ملاحظہ کی جا سکتی ہے www.governor.ny.gov
ریاست نیو یارک | ایگزیکٹیو چیمبر | press.office@exec.ny.gov | 518.474.8418